قعدہ کئے بغیر بھول کر پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا، تو حکم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1337

تاریخ اجراء: 23 جمادی الثانی 1445ھ / 06 جنوری 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص چار رکعت نماز میں قعدہ اخیرہ کئے بغیر پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہوا اور سجدہ نہیں کیا تو واپس لوٹ سکتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! جو شخص نماز کا آخری قعدہ بھول کر کھڑا ہو جائے اسے حکم ہے کہ جب تک اس زائد رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور قعدہ کر کے سجدۂ سہو کرے اور اپنی نماز مکمل کرے، نماز درست ہو جائے گی۔ بغیر قعدہ کئے پانچویں کے لئے کھڑے ہو جانے کے بعد، اگر واپس نہ لوٹا اور پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو فرض باطل ہو جائیں گے، البتہ نماز فاسد نہیں ہو گی بلکہ نفل ہو جائے گی اور اسے حکم ہو گا کہ مزید ایک رکعت ملا لے، اور فرض نئے سرے سے پڑھے گا۔

نمازی قعدہ اخیرہ کیے بغیر کھڑا ہو جائے اور اگلی رکعت کا سجدہ بھی کر لے تو اس صورت میں فرض باطل ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ غنیۃ المستملی میں ہے: "رجل صلی الظهر ونحوها خمسا بان قید الخامسة بالسجدة ولم یقعد علی رأس الرابعة بطلت فرضیته ای فرضیة صلوته" ترجمہ: "اگر کوئی شخص ظہر، عصر یا عشاء کی نماز میں پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہو گیا جبکہ اس نے چوتھی پر قعدہ نہیں کیا تھا۔ اب اس نے پانچویں کا سجدہ کر لیا تو اس کے فرض باطل ہو جائیں گے۔" (غنیۃ المستملی، صفحہ 253، مطبوعہ، کوئٹہ)

فتاویٰ رضویہ میں ہے: "قعدہ اخیرہ بھول کر زائد رکعت کے لئے کھڑا ہوا تو جب تک اس رکعتِ زائدہ کا سجدہ نہیں کیا ہے بیٹھ جائے اور التحیات پڑھ کر سجدہ سہو کرے، اور اگر اس نے رکعتِ زائدہ کا سجدہ کر لیا تو اب فرض باطل ہو گئے پھر سے پڑھے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 08، صفحہ 216، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہارِ شریعت میں ہے: ”قعدۂ اخیرہ بھول گیا تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے ۔۔۔ اور اگر اس رکعت کا سجدہ کرلیا تو سجدہ سے سر اٹھاتے ہی وہ فرض نفل ہو گیا لہٰذا اگر چاہے تو علاوہ مغرب کے اور نمازوں میں ایک رکعت اور ملالے کہ شفع پورا ہو جائے اور طاق رکعت نہ رہے اگرچہ وہ نماز فجر یا عصر ہو مغرب میں اور نہ ملائے کہ چار پوری ہو گئیں۔“ (ملتقطاازبہارشریعت، جلد01، صفحہ712، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net